# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON LAW AND JUSTICE ON THE CONSTITUTION (AMENDMENT) BILL, 2020

I, Chairman of the Standing Committee on Law and Justice, have the honour to present this report on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2020, (Articles 27A and 38) ] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 11th August, 2020.

2. The Committee comprises the following:-

| | | |
|---|---|---|
| **1.** | **Mr. Riaz Fatyana** | **Chairman** |
| **2.** | Mr. Atta Ullah | Member |
| **3.** | Mr. Lal Chand | Member |
| **4.** | Mr. Muhammad Farooq Azam Malik | Member |
| **5.** | Ms. Kishwer Zehra | Member |
| **6.** | Ms. Maleeka Ali Bokhari | Member |
| **7.** | Mr. Muhammad Sana Ullah Khan Masti Khel | Member |
| **8.** | Malik Muhammad Ehsan Ullah Tiwana | Member |
| **9.** | Agha Hassan Baloch | Member |
| **10.** | Mr. Junaid Akbar | Member |
| **11.** | Ms. Shunila Ruth | Member |
| **12.** | Mr. Mohsin Nawaz Ranjha | Member |
| **13.** | Rana Sana Ullah Khan | Member |
| **14.** | Ch. Mehmood Bashir Virk | Member |
| **15.** | Mr. Usman Ibrahim | Member |
| **16.** | Khawaja Saad Rafique | Member |
| **17.** | Mr. Qadir Khan Mandokhail | Member |
| **18.** | Syed Naveed Qamar | Member |
| **19.** | Dr. Nafisa Shah | Member |
| **20.** | Ms. Aliya Kamran | Member |
| **21.** | Barrister Dr. Muhammad Farogh Naseem<br>Minister for Law and Justice | Ex-officio Member |

**3.** The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **(Annex-A)**, in its meetings held on 22nd July, 2020, 01st October, 2020 and 06th October, 2021. The Committee recommended that the Bill may not be passed-by the National Assembly.

**Sd/-**
**TAHIR HUSSAIN**
Secretary
Islamabad, the 14th October, 2021

**Sd/-**
**(RIAZ FATYANA)**
Chairman

ANNEX – 'A'

# [AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

BILL

further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan

WHEREAS, it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**– (1) This Act may be called the Constitution (Amendment) Act, 2020.

(2) It shall come into force at once.

2. **Insertion of new Article 27A, in the Constitution.**- In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, after Article 27,the following new Article shall be inserted, namely:-

**"27A. Social Security and Provision of Basic Necessitates of Life.-**

(1) The state shall provide for all the persons employed in the service of Pakistan or otherwise social security by compulsory social insurance or by other means.

(2) The state shall also provide the basic necessities of life, such as food, clothing, housing, education and medical relief, for all such citizens, irrespective of sex, caste creed or race as are permanently or temporarily unable to earn their livelihood on account of infirmity, sickness and unemployment.

3. **Amendment of Article 38 of the Constitution.**- In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, in Article 38, paragraphs (c) and (d) shall be omitted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Millions of workers in Pakistan have either lost their jobs or they are set to lose their jobs because of the Corona virus crises and most would not get not financial support to ease the blow. Currently, social protection was not a fundamental right and as a result, only a select few from the working class were registered with institutions offering social security and old-age benefits. According to data, just 7.12 million workers are registered with state-run social security institution including the Employees Old-Age Benefit Institution (EOBI) and Worker Welfare Fund. An overwhelming majority of workers, not registered with any such institution, remains deprived of health, education, housing, death and dowry grants, as well as pension. To ensure the provision of social security to workers across Pakistan, it is need of hour to include social security and provision of basic necessities of life in the chapter of fundamental rights.

Sd-

**SYED AGHA RAFIULLAH** ~~**JAM ABDUL KARIM BIJAR**~~
**Members, National Assembly**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء پر قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف کی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف ۱۱/اگست، ۲۰۲۰ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء آرٹیکلز ۲۷/الف اور ۳۸] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:-

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | جناب ریاض فتیانہ | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب عطاء اللہ | رکن |
| ۳۔ | جناب لال چند | رکن |
| ۴۔ | جناب محمد فاروق اعظم ملک | رکن |
| ۵۔ | محترمہ کشور زہرا | رکن |
| ۶۔ | محترمہ ملیکہ علی بخاری | رکن |
| ۷۔ | جناب محمد ثناء اللہ خان مستی خیل | رکن |
| ۸۔ | ملک محمد احسان اللہ ٹوانہ | رکن |
| ۹۔ | آغا حسن بلوچ | رکن |
| ۱۰۔ | جناب جنید اکبر | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ شنیلہ روت | رکن |
| ۱۲۔ | جناب محسن نواز رانجھا | رکن |
| ۱۳۔ | رانا ثناء اللہ خان | رکن |
| ۱۴۔ | چوہدری محمود بشیر ورک | رکن |
| ۱۵۔ | جناب عثمان ابراہیم | رکن |
| ۱۶۔ | خواجہ سعد رفیق | رکن |
| ۱۷۔ | جناب قادر خان مندوخیل | رکن |
| ۱۸۔ | سید نوید قمر | رکن |
| ۱۹۔ | ڈاکٹر نفیسہ شاہ | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ عالیہ کامران | رکن |
| ۲۱۔ | بیرسٹر ڈاکٹر محمد فروغ نسیم<br>وزیر برائے قانون وانصاف | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے اپنے اجلاسوں منعقدہ ۲۲/جولائی، ۲۰۲۰ء، یکم اکتوبر، ۲۰۲۰ء اور ۶/اکتوبر، ۲۰۲۱ء کو منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ قومی اسمبلی بل کی منظوری نہ دے۔

دستخط/-
(طاہر حسین)
سیکرٹری
اسلام آباد، ۱۴/اکتوبر، ۲۰۲۱ء

دستخط/-
(ریاض فتیانہ)
چیئرمین

منسلکہ ۔ الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا دستور (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **دستور میں نئے آرٹیکل ۲۷ر الف کی شمولیت۔** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں، آرٹیکل ۲۷ کے بعد، درج ذیل نیا آرٹیکل شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"**۲۷ر الف۔ سماجی تحفظ اور بنیادی ضروریات زندگی کی فراہمی۔**

**۲۷ر الف** (۱) ریاست پاکستان کی خدمت پر مامور تمام افراد یا بصورت دیگر لازمی سوشل انشورنس کے ذریعے یا دیگر ذرائع سے سماجی تحفظ فراہم کرے گی؛ نیز

(۲) ریاست ایسے تمام شہریوں کے لئے جنس، ذات پات، مسلک یا نسل سے قطع نظر زندگی کی بنیادی ضروریات مثلاً خوراک، لباس، رہائش، تعلیم اور طبی علاج معالجہ بھی فراہم کرے گی جو کمزوری، بیماری اور بے روزگاری کی وجہ سے اپنی روزی روٹی کمانے سے مستقلاً یا عارضی طور پر قاصر ہوں۔"

۳۔ **دستور کے آرٹیکل ۳۸ کی ترمیم۔** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں، آرٹیکل ۳۸ میں، پیرا (ج) اور پیرا (د) حذف کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

پاکستان میں لاکھوں محنت کش کورونا وائرس کے بحران کی وجہ سے یا تو اپنی ملازمتوں سے محروم ہو چکے ہیں یا محروم ہونے والے ہیں اور بیشتر کو اس بحران کے اثرات میں کمی کے حوالے کوئی امداد بھی حاصل نہ ہوگی۔ چونکہ فی الحال سماجی تحفظ بنیادی حقوق کے زمرے میں نہیں آتا تھا اور نتیجتاً، محنت کش طبقے سے صرف چند منتخب افراد ہی سماجی تحفظ اور پیرانہ سالی کے فوائد فراہم کرنے والے اداروں کے پاس رجسٹرڈ ہوئے۔ اعداد و شمار کے مطابق، صرف ۷۱ لاکھ ۲۰ ہزار محنت کش حکومت کے زیر انتظام سماجی تحفظ کے اداروں بشمول ملازمین کا پیرانہ سالی کے فوائد کا ادارہ (ای او بی آئی) اور ورکرز ویلفیئر فنڈ میں رجسٹرڈ ہیں۔ محنت کشوں کی ایک غالب اکثریت جو ایسے کسی ادارے میں رجسٹرڈ نہیں ہے، صحت، تعلیم، رہائش، انتقال اور جہیز کے حوالے سے ملنے والی گرانٹس نیز پنشن سے محروم رہتی ہے۔ پاکستان بھر میں کارکنوں کو سماجی تحفظ کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے یہ وقت کا تقاضا ہے کہ سماجی تحفظ اور زندگی کی بنیادی ضروریات کی فراہمی کو انسانی حقوق کے باب میں شامل کیا جائے۔

دستخط/۔

سید آغا رفیع اللہ      جام عبدالکریم بجار

اراکین، قومی اسمبلی